سوال

(163)ایک شخص چار سال غائب رہا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک شخص اپنی بیوی سے چار سال تک غائب رہا اور پھر اس مدت کے بعد اس کی بیوی نے بچے کو جنم دیا۔ کیا بچے کو اس کے باپ کے ساتھ ملایا جائے گا؟ یاد رہے اس کی یہ بیوی آزاد ہے، غلام نہیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر آدمی نے اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کی ہے تو اہل علم کے صحیح قول کے مطابق بچے کو اسی کے ساتھ ملایا جائے گا کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((الولد للفراش)) صحيح البخاري

''بچہ اسی کا ہے جس کے بستر پر پیدا ہو۔''

اگر اس آدمی کو یہ معلوم ہو کہ یہ بچہ اس کا نہیں ہے تو اسے بچے کی نفی کر دینی چاہیے اور عورت سے لعان کرنا چاہیے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

کتاب النکاح: جلد 3 صفحہ 135

محدث فتویٰ